تہجد کی نماز میں تہجد کیساتھ تحیۃ الوضو کی نیت کرنا

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1639

تاریخ اجراء: 14 ذوالقعدۃ الحرام 1445ھ / 23 مئی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

تہجد کی نیت کے ساتھ تحیۃ الوضو کی نیت بھی جمع کر سکتے ہیں؟ نیز اوابین کی نماز میں کتنی نیتیں کی جاسکتی ہیں صلوٰۃ الحاجات وصلوٰۃ التوبہ وغیرہ؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

وضو کے بعد اعضاء خشک ہونے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے، اسی کو تحیۃ الوضو کہتے ہیں، وضو کے بعد فرض یا کوئی اور نماز پڑھی تو یہی نماز تحیۃ الوضو کے قائم مقام ہو جاتی ہے، لہٰذا اعضاء خشک ہونے سے پہلے آپ نے تہجد کی نماز ادا کی تو یہ تحیۃ الوضو کے قائم مقام ہو جائے گی، نیت کی حاجت نہیں، لیکن اگر وضو کے کافی دیر بعد تہجد ادا کی تو یہ تحیۃ الوضو کا موقعہ ہی نہیں، اس میں نیت نہیں ہو سکتی۔

نیز ایک نفل میں حسبِ موقعہ مختلف نوافل کی نیتیں ہو سکتی ہیں، لہٰذا اوابین میں صلوٰۃ الحاجات، صلوٰۃ التوبہ کی نیت ہو سکتی ہے۔

بہار شریعت میں ہے: "تحیۃ الوضو کہ وضو کے بعد اعضا خشک ہونے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے۔ ۔۔وضو کے بعد فرض وغیرہ پڑھے تو قائم مقام تحیۃ الوضو کے ہو جائیں گے۔" (بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ 675، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

حاشیہ طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے: "إن جمع بين عبادات الوسائل في النية صح كما لو اغتسل لجنابة وعيد وجمعة إجتمعت ونال ثواب الكل وكما لو توضأ لنوم وبعد غيبة وأكل لحم جزور **وكذا يصح لو نوى نافلتين أو أكثر كما لو نوى تحية مسجد وسنة وضوء وضحى وكسوف**" یعنی وہ عبادات جو وسیلہ بنتی ہیں، ان میں اگر ایک سے زیادہ نیتوں کو جمع کیا جائے تو یہ درست ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص غسل کرے اور اس ایک ہی غسل میں جنابت سے پاکی، عید اور جمعہ کے غسل کی بھی نیت کر لے تو اسے ان تمام عبادتوں کا

ثواب حاصل ہو گا۔یہی حکم اس وقت ہو گا کہ جب کوئی شخص ایک ہی وضو میں سونے، غیبت سے توبہ کرنے اور اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنے کی نیت کرلے۔یہی حکم اس وقت ہو گا جب کوئی شخص نفل نماز کی ادائیگی میں دو یا دو سے زیادہ نوافل کی ایک ساتھ نیت کرلے جیسا کہ دو رکعت نفل میں تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضو، نماز چاشت اور سورج گرہن کی نماز کی نیت کرلے۔(حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاۃ، ج01، ص300، مکتبہ غوثیہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net